## Office of the Vice Chancellor, University of Karachi

Karachi - 75270, Pakistan

**Prof. Dr. Khalid Mahmood Iraqi**
Vice Chancellor


میں کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ (المنائی 1973ء) کراچی یونیورسٹی کو اُن کی گولڈن جوبلی پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ 1973ء میں کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ کے تقریباً ایک سوبیس افراد نے ایم ایس سی کیا تھا۔ اُن میں سے تیس سے زیادہ افراد نے امریکا، کینیڈا، انگلینڈ اور پاکستان سے پی ایچ ڈی کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ ان میں سے کئی افراد ملٹی نیشنل کمپنیوں، تعلیمی اداروں اور سرکاری اداروں میں اہم عہدوں پر فائز رہے۔

ان افراد نے چند برس پہلے ''کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ (المنائی 1973ء) کراچی یونیورسٹی'' تشکیل دی اور امسال وہ اپنی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں۔ ان کا پختہ یقین ہے کہ انہیں یہ کامیابیاں اپنی مادرِ علمی کے ذمہ داران اور کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ کے اساتذہ کی تدریس اور رہنمائی کے سبب ملی۔

اس اہم موقع پر یہ اپنی مادرِ علمی کو لوٹانے کی آرزو رکھتے ہیں۔ اس میں کیمسٹری کی لیب میں استعمال ہونے والے چند جدید آلات، لائبریری کی Digitilization کے ساتھ ساتھ اس کے لئے جدید اور اہم کتابوں کی فراہمی، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے طلبہ کے لئے اسکالرشپ اور غریب طلبا و طالبات کی سالانہ ٹیوشن فیس کی ادائیگی کے اقدامات بھی شامل ہیں۔

یہ صرف کراچی یونیورسٹی کے ایک ڈیپارٹمنٹ (کیمسٹری) کے صرف ایک سال (1973ء) کے فارغ التحصیل طلبہ کی کاوشیں ہیں۔ انہیں جتنا سراہا جائے وہ کم ہے۔

میں ملک اور بیرون ملک جہاں کہیں بھی کراچی یونیورسٹی کے سابق طلباء و طالبات سے ملاقات کرتا ہوں تو ان کے جوش و جذبے اور عزائم سے آگہی ہوتی ہے اور ان کی گفتگو سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنی مادرِ علمی اور وطن سے بہت محبت کرتے ہیں اور وہ ان کے لئے کچھ کر گزرنے کی آرزو رکھتے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ المنائی 1973ء کی طرح کراچی یونیورسٹی کے دیگر شعبوں کے طلبہ بھی آگے بڑھیں گے اور وہ کراچی یونیورسٹی میں جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور یہاں کے معیارِ تعلیم کو مزید بہتر بنانے میں اپنی کوششیں بروئے کار لائیں گے۔

(پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی)
شیخ الجامعہ


Phone : (92-21) 99261336, (92-21) 99261337, Fax: (92-21) 99261340
Email: vc@uok.edu.pk Web: www.uok.edu.pk